# 106459 ـ افطاری میں فضول خرچی کرنے سے روزے کے ثواب میں کمی ہوتی ہے یا نہیں ؟

**سوال**

کیا افطاری کے لیے کھانا تیار کرنے میں فضول خرچی کرنے سے روزے کا ثواب کم ہو جاتا ہے یا نہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

" اس سے روزے کے ثواب میں کمی نہیں ہوتی، اور روزہ ختم ہونے کے بعد حرام فعل کا ارتکاب روزے کے ثواب میں کمی نہیں کرتا، لیکن یہ درج ذیل فرمان باری تعالی میں داخل ہوتا ہے:

کھاؤ پیئو اور فضول خرچی و اسراف مت کرو، یقینا اللہ تعالی فضول خرچی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا الاعراف ( 31 ).

چنانچہ فی نفسہ فضول خرچی ممنوع ہے، اور میانہ روی و اقتصاد نصف معیشت کہلاتی ہے، جب ان کے پاس زیادہ ہے تو وہ صدقہ کر دیں تو یہ افضل ہے " انتہی

فضیلۃ الشیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ.